مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، پوش ایریا میں اکثر لوگ ایسی پینٹ اور شرٹ استعمال کرتے ہیں کہ جب سجدے میں جاتے ہیں تو کمر کا حصہ جو کہ ستر میں شامل ہے، وہ کھل جاتا ہے، جبکہ سنا ہے کہ اگر نماز کے دوران ستر کھل جائے تو نماز ختم ہو جاتی ہے، بعض دفعہ کمر اور دونوں سرین اوپر سے ننگی ہو جاتی ہیں، اس کے بارے شریعت کی روشنی میں رہنمائی فرمائی جائے۔

الجامعة الاشرفية دار الافتاء شارع فیروز پور لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْجَوَابُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

واضح رہے کہ مرد کا ستر ناف سے لے کر گھٹنوں تک ہے، اگر مرد کے اعضاء مستورہ میں سے کسی ایک عضو (مثلاً ایک ران یا ایک کولہے) کا ایک چوتھائی حصہ بھی نماز کے کسی رکن میں تین مرتبہ (رکوع یا سجدہ والی) تسبیح پڑھنے کے بقدر کھل جائے، تو نماز صحیح نہ ہو گی۔

اگر اعضاءِ مستورہ میں سے کوئی ایک عضو (مثلاً کمر، سرین، ران یا گھٹنا) مختلف اطراف سے تھوڑا تھوڑا کھلا ہوا ہو تو دیکھا جائے گا کہ اگر اس مکشوف (ننگے جسم) کا مجموعہ اس عضو کے چوتھائی حصہ کے بقدر بنتا ہے تو اس سے نماز فاسد ہو جائے گی، لیکن اگر مجموعہ اس عضو کے چوتھائی حصہ کے بقدر نہ ہو تو پھر نماز فاسد نہیں ہو گی، اسی طرح اگر کوئی سے دو اعضاء مستورہ (مثلاً کمر، سرین، ران اور گھٹنا) مختلف اطراف سے کھلے ہوئے ہوں، تو اگر ان دونوں اعضاء کے کھلے ہوئے حصوں کا مجموعہ ان دونوں اعضاء میں زیادہ چھوٹے عضو کے چوتھائی حصہ کے بقدر ہو تو نماز فاسد ہو گی، لیکن اگر مجموعی ننگا جسم (مکشوف) دونوں میں سے چھوٹے عضو کے چوتھائی حصہ کے بقدر بھی نہ ہو تو وہ نماز کو فاسد نہیں کرے گی۔

لہذا صورت مسئولہ میں اگر دوران نماز کسی نمازی کی شرٹ / پینٹ اوپر نیچے ہونے سے ناف سے نیچے سرین یا کمر کا چوتھائی حصہ تین تسبیح کی مقدار کھلا رہے یا کمر اور دونوں سرین کا ننگا حصہ مجموعی طور پر اتنا ہو کہ سرین یا کمر کا چوتھائی بنتا ہو تو اس شخص کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

الدر المختار وحاشية ابن عابدين (رد المحتار) (١/٤٠٨):
"(ويمنع) حتى انعقادها (كشف ربع عضو) قدر أداء ركن بلا صنعه (من) عورة غليظة أو خفيفة على المعتمد (والغليظة قبل ودبر وما حولهما، والخفيفة ما عدا ذلك) من الرجل والمرأة، وتجمع بالأجزاء لو في عضو واحد، وإلا فبالقدر؛ فإن بلغ ربع أدناها كأذن منع."والله تعالى اعلم بالصواب

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دار الافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

۱۳/ربیع الاول/۱۴۴۵ھ

2023/09/30ء

الجواب صحیح
محمد زکریا
۱۳/۳/۱۴۴۵ھ

الجواب صحیح
۱۳ ربیع الاول ۱۴۴۵ھ
30/9/2023

دار الافتاء
رقم الافتاء: 158/127
التاریخ: 30/9/23
الجامعة الاشرفية

الجامعة الاشرفية
دار الافتاء
شارع فیروز پور لاہور